Public Health England

Urdu

این ایچ ایس ایبڈومینل ایورٹیک اینیوریزم (اے اے اے) (Abdominal Aortic Aneurysm) سکریننگ پروگرام

ہم آپ کے بارے میں ذاتی معلومات کا استعمال کیسے کرتے ہیں

(بعض اوقات اِسے ذاتی ڈیٹا کہا جاتا ہے)

یہ اہم امر ہو گا کہ آپ سمجھ لیں کہ ہم آپ کے بارے میں ذاتی معلومات کیسے استعمال کرتے ہیں۔ برائے مہربانی یہ کارڈ پڑھیں اور اگر آپ کوئی سوال پوچھنا چاہیں یا آپ کو کوئی خدشات لاحق ہوں تو ہمیں فوراً بتائیں۔
چونکہ آپ کا اندراج جی پی کے ساتھ ہوا ہوا ہے، آپ انگلینڈ میں این ایچ ایس پروگرام کے جُزو کے طور پر ایبڈومینل ایورٹیک اینیوریزم (اے اے اے) کی سکریننگ کروانے کا استحقاق رکھتے ہیں۔ اِس میں یہ بھی شامل ہو سکتا ہے کہ اگر ہماری پالیسی تبدیل ہو جائے تو آپ سے مزید سکریننگ کے لئے مستقبل میں دوبارہ رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ بطور آپ کی نگہداشت کے ایک جُزو کے، ہم آپ کے بارے میں تفصیلات این ایچ ایس ہیلتھ کیئر کے پیشہ ور ماہرین کو دے سکتے ہیں جو کہ سکریننگ اور بعد والی تحقیقات اور علاج سے وابسطہ ہوں۔ محفوظ اور مؤثر سکریننگ سروس پیش کرنے میں اپنی مدد کے لئے، ہم آپ اور سکریننگ کلینک میں آپ کی آمد کا ریکارڈ اپنے کمپیوٹر سسٹم (نیشنل اے اے اے سکریننگ سسٹم) پر رکھتے ہیں۔ اِس معلومات میں آپ کی صحت کے بارے میں سوالات کے جواب، آپ کی شہ رگ کی تصویر اور پیمائش، جو ہم اپنے کلینک میں ریکارڈ کرتے ہیں، شامل ہوتے ہیں۔

ہم آپ سے اجازت چاہتے ہیں:

1. آپ اور آپ کی سکریننگ کلینک آمد کے بارے میں معلومات کو قومی اے اے اے سکریننگ سسٹم پر سٹور کرنے اور اپنے پاس رکھنے اور یہ معلومات استعمال کرنے کے لیے تاکہ محفوظ اور مؤثر سکریننگ مہیا کرنے میں ہماری مدد ہوسکے
2. اے اے اے کے لئے آپ کو سکرین کرنے کی (جس میں آپ کے شکم کا الٹرا ساؤنڈ سکین شامل ہے) اور آپ کو نتیجے کے بارے میں مطلع کرنے کی
3. اگر پتہ چلے کہ آپ کو اے اے اے ہے، تو نیشنل ویسکیولر رجسٹری (این وی آر) کے ذریعے رگوں کے سرجن سے آپ کے بارے میں ذاتی معلومات کا تبادلہ کریں۔ ہم ایسا یہ یقینی بنانے کے لئے کرنا چاہتے ہیں کہ اگر ضرورت ہو تو آدمیوں کا ہر وقت اور اعلیٰ معیار کا علاج ہو سکے۔
4. آپ سے رابطہ کرنے کی، یہ پوچھنے کے لئے کہ کیا آپ تحقیقی مقاصد کے لئے اپنی معلومات استعمال کرنے کی ہمیں اجازت دیں گے

برائے مہربانی نوٹ کریں، کہ ہم صرف اُسی صورت میں آپ کو سکرین کرسکتے ہیں اگر آپ مندرجہ بالا نکات 1، 2 اور 3 پر اتفاق کریں۔

اگر آپ سکریننگ کی اِس پیشکش کو قبول نہ کرنے کا انتخاب کریں، تو ہم یہ دکھانے کے لئے ریکارڈ رکھیں گے کہ ہم نے آپ سے رابطہ کیا تھا، اور ہم آپ کے جی پی کو بھی مطلع کرسکتے ہیں کہ آپ کو سکرین نہیں کیا گیا ہے۔ اِس بارے میں مزید جاننے کے لئے کہ ہم آپ کے بارے میں ذاتی معلومات کو کیسے استعمال کرتے ہیں، این ایچ ایس چوائسز ملاحظہ فرمائیں: **www.nhs.uk/aaa**

ای میل: **PHE.screeninghelpdesk@nhs.net** ؛ **ویب سائٹ:** www.nhs.uk/aaa

اپ ڈیٹ کیا گیا اگست 2016

انگلستان میں صحت عامہ این ایچ ایس سکریننگ پروگراموں کے لئے ذمہ دار ہے۔